ungdata | OSLOMET STORBYUNIVERSITETET VELFERDSFORSKNINGSINSTITUTTET NOVA

# Ungdata سروے کے بارے میں بچوں/نوعمر افراد کے سرپرستوں کے لیے معلومات

**اس سال آپکے بچے کے سکول میں ungdata سروے ہو رہا ہے۔ سکول اور بلدیہ کے تمام طالبعلموں کو سروے میں حصہ لینے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ اس کا مقصد بلدیہ میں بچوں اور نوعمر افراد کی نشوونما کے حالات کا علم حاصل کرنا ہے لہذا یہ اہم ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس میں حصہ لیں۔ سروے موسم بہار والی ششماہی میں سکول میں انجام پائے گا۔**

## سروے کا مقصد

- بچوں اور نوعمر افراد کو موقع دینا کہ وہ مقامی سیاستدانوں اور حکام کو بتائیں کہ اس بلدیہ میں پلنا بڑھنا کیسا ہے
- بچوں اور نوعمر افراد کی نشوونما کے حالات کے بارے میں نیا علم بلدیہ تک پہنچانا تاکہ وہ اس عمر کے لوگوں کے لیے کام کرتے ہوئے اس علم کو استعمال کریں
- دوسری بلدیات اور قومی اعدادوشمار کے ساتھ موازنے کا موقع مہیا ہونا اور تحقیق کے لیے معاونت۔

## ہم UNGDATA میں کیا پوچھ رہے ہیں؟

- سکول، دوستوں اور والدین سے تعلق
- فارغ وقت اور فرصت کی سرگرمیاں
- میڈیا کا استعمال
- صحت، بہبود و اطمینان اور زندگی کی کیفیت
- موبنگ (ستائے جانا)

## ہائی سکول کے طالبعلموں سے ہم یہ بھی پوچھ رہے ہیں:

- اصولوں کی خلاف ورزی، تشدّد اور نشہ
- والدین کی تعلیم کی سطح

## UNGDATA کیسے انجام دیا جا رہا ہے؟

- سروے کا جواب دینے کے لیے سکول کا ایک پیریڈ مخصوص کیا گیا ہے۔
- سروے الیکٹرانک طور پر انجام دیا جائے گا جس کے لیے آپ ایک اتفاقیہ طور پر بنائے گئے ایک دفعہ استعمال ہونے والے کوڈ سے Ungdata کے جوابی صفحے پر لاگ ان کریں گے۔
- طالبعلم ایک سوالیہ فارم پر کراس لگا کر جواب دیں گے۔ سروے فارم کے سوالات کو سنا بھی جا سکتا ہے۔ یہ فنکشن استعمال کرنے کے لیے ہیڈفونز/ایئر بڈز لگائیں۔

## تحفظ ذاتیات (پرائیویسی)

- سروے ناموں کے بغیر ہوگا اور جو ڈیٹا اکٹھے کیے جائیں گے، ان سے کسی فرد کو پہچاننا ممکن نہیں ہوگا۔
- جب سروے کے نتائج شائع کیے جائیں گے تو جواب دینے والے کسی فرد کو پہچاننا ممکن نہیں ہو گا۔

## سروے میں حصہ لینا آپکی مرضی پر منحصر ہے

- سروے کا جواب دینا آپکی مرضی پر منحصر ہے۔
- جو لوگ جواب دیں، وہ ان سوالات کو چھوڑ کر آگے بڑھ سکتے ہیں جن کا جواب وہ نہ دینا چاہتے ہوں اور اگر وہ چاہیں تو سروے کو ادھورا بھی چھوڑ سکتے ہیں۔
- والدین اپنے بچوں کے رابطہ استاد/سکول کو بتا کر اپنے بچوں کو سروے سے الگ رکھ سکتے ہیں۔

## ہنگامی صورتحال کے لیے تیاری

سروے کے بعد سکول ہیلتھ سروس ان طالبعلموں کی مدد کے لیے تیار رہے گی جنہیں مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## UNGDATA کے لیے کون ذمہ دار ہے؟

سروے کو OsloMet (اوسلو میٹروپولیٹن یونیورسٹی) کا ادارہ NOVA (نارویجن سوشل ریسرچ) اور نشے کے مسائل کے لیے ریجنل کمپیٹینس سنٹر (KoRus) بلدیہ کی طرف سے ذمہ داری سونپے جانے پر انجام دے رہے ہیں۔

## کیا آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟

سروے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سکول یا اپنے ریجنل KoRus سے رابطہ کریں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو نارویجن یا انگلش میں الیکٹرانک صورت میں سروے بھیجا جائے تو آپ KoRus سے رابطہ کر کے یہ منگوا سکتے ہیں۔